© rasailojaraid.com



دینے کا عمل، کسی آلے کے استعمال سے جان ضائع کردینے کا معاملہ 'المُقَاتَلَۃ'، یعنی جنگ، سب کو شامل کیا ہے۔

اگر غور کیا جائے تو نکتہ چینی سے قطع نظر مندرجہ بالا مفاہیم ہی کی بنیاد پر متذکرہ مضمون میں چند گزارشات پیش کی گئی ہیں۔

دوسرے نکتے کا تعلق غیر مسلموں کے مقامات عبادت کے تحفظ سے ہے۔ اگر مکتوب نگار کی بات کو جوں کا توں مان لیا جائے تو کیا اللہ تعالیٰ نعوذ باللہ خود زمین پر آ کر ان مقامات کا تحفظ کریں گے، یا اسلامی ریاست اور مسلمان یہ کام کریں گے۔ یہی بات مضمون میں کہی گئی ہے کہ مسلمانوں کے فرائض میں مذہبی مقامات کا تحفظ بھی شامل ہے۔

تیسری گزارش یہ کہ ظلم، فتنہ، ناانصافی، حقوقِ انسانی کی پامالی دنیا میں کہیں بھی ہو رہی ہو، اس کے خلاف آواز بلند کرنا، اخلاقی، سیاسی، مادی، ہر حیثیت سے ظلم کے خلاف جہاد کرنا اُمت مسلمہ کا ایک فریضہ ہے۔ قرآن و سنت کے نصوص اس پر واضح ہیں۔ سورۂ نساء (۴:۷۵-۷۶) میں اس سلسلے میں واضح ہدایات اور حکم پایا جاتا ہے۔

ممکن ہے کہ مضمون کے انگریزی سے اُردو میں ترجمہ ہونے سے بعض نکات واضح طور پر سامنے نہ آسکے ہوں۔ لیکن میں سمجھتا ہوں کہ جہاں توحید اسلام کی بنیاد اور سب سے اہم اصول ہے وہیں اس اصول کی relevance اور تعلق ایک غیر مسلم کے لیے بھی ہے۔ وہ اسلام کو شعوری طور پر قبول کرنے سے قبل اس کی عمومی تطبیق کر کے اپنی شخصیت سے تضادات کو یکے بعد دیگرے دُور کر کے اپنے آپ کو دینِ فطرت سے قریب تر لاسکتا ہے۔ اسی معنی میں حدیث میں، ہر پیدا ہونے والے بچے کو مسلم قرار دیا گیا ہے۔ اگر وہ اضافے اور تضادات جو اس کے غیر مسلم ماحول و تربیت کی بنا پر شخصیت کا حصہ بن جاتے ہیں یکے بعد دیگرے دُور کر دیے جائیں، تو اس کی شخصیت میں یکجائی (unization) پیدا ہوسکتی ہے جو میری ناقص رائے میں اسلام کے شعوری طور پر ماننے کا درمیانی مرحلہ بن سکتا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب!

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

# اخبارِ اُمت

## شرق اوسط امریکی اصلاحات کی زد میں

عبدالغفار عزیز○

۱۵ اپریل ۲۰۰۵ء کا دن شاہ مراکش محمد السادس کے لیے خوشی کا دن تھا۔ آج اس کے پہلے اور اکلوتے بیٹے مولای الحسن کے ختنے کا جشن تھا۔ ''خوشی'' کے اس اہم موقع پر مراکش کی مختلف جیلوں سے ۷۹۱ء۷ قیدی رہا کردیے گئے۔ پورے ملک میں مبارک سلامت کا شور اٹھا۔ بادشاہ سلامت اور نومختون ولی عہد کی خدمت میں تحائف دینے کے لیے خصوصی جلوس نکالے گئے اور مملکت مراکش میں امن' اخوت' انصاف' جمہوریت اور ترقی کے نئے باب رقم ہوگئے۔

خوشی اور اظہارِ خوشی ایک فطری امر ہے لیکن اپنی ہاشمی نسبت پر فخر کرنے والے مراکش کے شہنشاہ نے دنیا کو اسلام کے اعتدال اور حقوقِ انسانی کی پاسداری کی عملی تصویر دکھائی' کسی کو یہ بے محل سوال نہیں کرنا چاہیے کہ اگر صاحبزادہ صاحب کا ختنہ نہ ہوتا تو یہ ۷۹۱ء۷ قیدی مزید کتنا عرصہ جیلوں میں ہی سڑتے رہتے اور یہ کہ مزید کتنے ہزار قیدی کسی ایسی ہی ''مبارک'' تقریبِ ختنہ کے منتظر رہیں گے۔

امریکا بہادر اس وقت دہشت گردی کے خلاف اپنی عالمی جنگ کے اہم مرحلے میں داخل ہوچکا ہے۔ عراق اور افغانستان کی طرح عسکری قبضہ بھی اس جنگ کا حصہ ہے اور نام نہاد روشن خیالی و اعتدال پسندی کی وسیع لہر بھی اس جنگ کا لازمی جزو ہے۔ یہ جنگ سیاست' ثقافت'

---

○ ڈائرکٹر امور خارجہ' جماعت اسلامی پاکستان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com


ذرائع ابلاغ اور تعلیم کے میدان میں لڑی جارہی ہے۔ شرق اوسط اس کا مرکزی میدان ہے لیکن اس کی حدود مراکش سے ترکی اور برعظیم تک پھیلا دی گئی ہیں۔ پالیسی ساز امریکی اس پورے خطے میں اصلاحات کی ضرورت پر زور دے رہے ہیں۔ ہر جگہ ایک ہی کلچر ہو، یکساں نظام تعلیم ہو جس میں کہیں "نفرت" کا پرچار نہ ہو (جہاد کی فضیلت اور مشرکین و یہود کی اصل تصویر دکھانا نفرت پھیلانا ہے)۔ وسیع تر شرق اوسط میں سیاسی اصلاحات اس طور کی جائیں کہ ہر جگہ روشن خیال حکومتیں قائم ہوں۔ ان حکومتوں کے ذریعے عوام بالخصوص نوجوان نسل کے دل و دماغ تک رسائی حاصل کی جائے تاکہ امریکا کے خلاف نفرت کا تناسب کم ہو، کیونکہ اسی نفرت سے بالآخر دہشت گردی جنم لیتی ہے۔

وسیع تر اصلاحات کی ضرورت پر سب سے زیادہ زور اس وقت سعودی عرب، شام، ایران اور مصر پر دیا جارہا ہے کیونکہ سعودی عرب "القاعدہ" کا گڑھ اور اصل مسکن ہے۔ یہاں کا نظامِ تعلیم انتہائی بنیاد پرست ہے جس میں قرآنی آیات و احادیث نبویؐ کی بھرمار ہے۔ سعودی نوجوان براستہ شام عراق میں بھی دہشت گردی کر رہے ہیں۔ شام ان سے چشم پوشی کے علاوہ فلسطینی دہشت گرد تنظیموں حماس اور جہاد اسلامی کو پناہ دیے ہوئے ہے اور جنوبی لبنان سے اسرائیلی فوجوں کو نکال باہر کرنے والی 'دہشت گرد' تنظیم حزب اللہ کا پشتیبان ہے۔ شام کے تعلقات ایران سے بھی بہت مضبوط ہیں اور ایران ایٹمی اسلحہ بنا رہا ہے۔ اس سے دوستی بھی یکساں جرم ہے (البتہ عراق میں لائی جانے والی شیعہ حکومت سے ایران کے قریبی تعلقات اس وقت ہماری ضرورت ہیں، ان پر فی الحال کوئی اعتراض نہیں)۔ مصر نے شرق اوسط کے نقشے میں رنگ بھرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے لیکن ایک تو بوڑھا حسنی مبارک اب مفلوج ہوتا جارہا ہے۔ دوسرے، مصری عوام کی اکثریت اس کے ۲۴ سالہ اقتدار سے تنگ آچکی ہے۔ مضبوط تر ہوتی ہوئی اسلامی تحریکیں تو پہلے ہی سے مخالف تھیں۔ اب وہ سیکولر اور خالص امریکی لابی کا اعتماد بھی کھوچکا ہے۔

امریکی پالیسی ساز اور تنفیذی مراکز آئے روز بیانات دے رہے ہیں کہ "خطے میں تبدیلیوں کی ہوا چل پڑی ہے، اصلاحات ناگزیر ہیں۔ اکلوتی عالمی قوت ہونے کے ناطے یہ اصلاحات امریکا کی ذمہ داری ہے"۔ "افغانستان، عراق اور فلسطین میں ہونے والے انتخابات

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



آغاز ہیں۔ اب پورے شرق اوسط میں 'آزادانہ انتخابات ہوں گے''۔ اور سب سے بڑھ کر یہ کہ ''وسیع تر شرق اوسط میں اصلاحات ہماری دفاعی ضرورت ہیں''۔ امریکا نے پٹرول کی ترسیل جاری رکھنے کے لیے تمام خلیجی ریاستوں میں اپنے مستقل فوجی اڈے قائم کر دیے' عراق پر براہ راست قابض ہوگیا' لیکن اپنا دفاع یقینی نہ بنا سکا۔ امریکا کے خلاف عوامی نفرت میں مزید اضافہ ہو رہا ہے۔ اسی نفرت کی لہر سے بالآخر دہشت گرد گروہ جنم لیتے ہیں۔

عوامی نفرت کے عوامل کا جائزہ لیتے ہوئے امریکی پالیسی ساز یقیناً کئی تلخ حقائق تک پہنچے ہوں گے لیکن اپنی اکثر تحریروں اور تجزیوں میں نصف سچ بولنے پر ہی اکتفا کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ کیونکہ ان عرب ممالک میں گھٹن ہے' عوام کی آزادیاں مسلوب ہیں' اور امریکا کے حواری مسلم حکمرانوں نے اپنی اپنی ڈکٹیٹرشپ قائم کی ہوئی ہے' اس لیے ان کے خلاف عوامی نفرت کا بڑا حصہ خود امریکا کو بھی پہنچتا ہے۔ پھر نصف مرض کا نصف علاج یہ تجویز ہوتا ہے کہ ان ممالک میں اصلاحات لائی جائیں۔ یہ اصلاحات کیا ہیں؟ اہلِ پاکستان کے لیے انھیں سمجھنا دیگر اقوام کی نسبت کہیں آسان ہے۔ امریکا پاکستان میں جامع اصلاحات کا علم بردار ہے۔ 'روشن خیال اسلام' سے لے کر شان دار اقتصادی ترقی کے دعووں' انٹرنیٹ اور کیبل ٹی وی جیسے مخصوص میدانوں میں ٹکنالوجی کے فروغ' حقیقی جمہوریت کے فروغ اور ہمہ پہلو ثقافتی یلغار سمیت تمام اصلاحی اقدامات کا جادو پاکستان میں سرچڑھ کر بول رہا ہے۔ میراتھن اور بسنت سے لے کر ایئرفورس کی پیشہ ورانہ تیاری تک' ہر جگہ اختلاط مرد و زن ہی کو ترقی و روشن خیالی کا لازمی جزو قرار دیا جا رہا ہے۔ فوجی وردی کو اقتدار و اختیار کا گھنٹہ گھر بنا دینے کے باوجود دعویٰ و اصرار ہے کہ ملک میں مثالی جمہوریت کا دور دورہ ہے۔ آغا خان فاؤنڈیشن کی سرپرستی میں بے خدا تہذیب اور لامذہب نسلیں تیار کرنے کو تعلیمی انقلاب کا پیش خیمہ اور امریکی امداد کا ضامن ثابت کیا جا رہا ہے۔

کچھ ترامیم کے ساتھ یہی ماڈل دیگر مسلم ممالک پر بھی مسلط کیا جا رہا ہے۔ امریکی پالیسی ساز آنے والے دور میں ایران' عراق' مصر اور سعودی عرب کے علاوہ چھوٹی عرب ریاستوں کو بھی بے حد اہمیت دے رہے ہیں۔ امارات' قطر' بحرین' کویت' اُردن' عمان اور یمن سے اہم ترین دفاعی معاہدے کیے جا چکے ہیں اور مزید کیے جا رہے ہیں۔ کچھ نہ کچھ اصلاحات ان

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ممالک میں بھی کی جارہی ہیں لیکن اس یقین دہانی کے ساتھ کہ کئی کئی عشروں سے برسرِ اقتدار خاندانوں کا اقتدار باقی رہے گا۔ بلدیاتی ادارے اور نصف منتخب' نصف نامزد پارلیمنٹ دیکھنے کو ملیں گی۔ عوام کسی نہ کسی حد تک آزادی اظہار بھی پائیں گے۔ ذرائع ابلاغ صرف ریاستی کنٹرول میں نہیں رہیں گے۔ امریکی وزارت دفاع اور وزارت خارجہ بھی اپنے ابلاغیاتی ادارے متعارف کروائیں گی۔ نوجوانوں کو مغربی تعلیم سے آراستہ کرنے کے لیے خود ان ریاستوں میں امریکی و مغربی تعلیمی اداروں کی شاخیں قائم کی جائیں گی' اور امریکی ٹیکس دہندگان کو باور کروایا جائے گا کہ شرق اوسط میں آزادی و جمہوریت کا طوطی بول رہا ہے۔ رہے مصر' سعودی عرب اور ایران جیسے بڑے ممالک' تو ان میں سے ہر ملک کے لیے مختلف فارمولا وضع کرنا ہوگا۔ ایران میں اصلاحات کا اصل مقصد ایٹمی خطرے سے بچاؤ اور بنیاد پرستوں کے اختیارات میں کمی ہے۔ مصر میں تاریخی اور مقبول تحریک اخوان المسلمون اور سعودی عرب میں دین پسند طبقے کی بھاری اکثریت کی وجہ سے ادھوری جمہوریت کا سفر بھی امریکی مفادات کے لیے خطرہ بن سکتا ہے۔ اس لیے جائزہ لیا جارہا ہے کہ کہاں کس خطرے کو برداشت کرلینا کم نقصان دہ ہے۔

شرق اوسط میں اصلاحات کے اس سفر میں جہاں حکومتوں پر دباؤ' اپنی فوجی قوت کی نمایش' صدام حسین کی تصویریں دکھا دکھا کر اس کے انجام تک پہنچا دینے کی دھمکی اور ''جو ہمارے ساتھ نہیں ہمارے خلاف ہے'' کا فارمولا آزمایا جارہا ہے' وہیں غیر حکومتی تنظیموں کے وسیع تر ہوتے ہوئے جال کو بھی کلیدی حیثیت حاصل ہے۔ ان کے ذریعے حکومتی ایوانوں تک رسائی کے علاوہ ان ممالک میں پائے جانے والے ایسے عناصر کو مالی طور پر نوازا اور متحرک کیا جارہا ہے جو گھر کے بھیدی ہونے کا مقام و مرتبہ پاسکیں۔ یہ عناصر صحافیوں' کالم نگاروں' دانش وروں اور یونی ورسٹی کے اساتذہ کے علاوہ بے روزگار و غیر مطمئن نوجوان بھی ہوسکتے ہیں۔

شرق اوسط میں اصلاحات کی راہ میں درپیش رکاوٹوں کی فہرست بھی مختصر نہیں ہے لیکن اس میں سرفہرست عراق کی بگڑتی ہوئی صورت حال ہے۔ فلسطین کے حالات بھی کم گمبھیر نہیں اور جب تک فلسطین' کشمیر' جنوبی سوڈان جیسے تنازعے اپنے یا اپنے حلیفوں کے مفادات کے مطابق حل نہیں کرلیے جاتے' نوجوانوں میں جہاد کا جذبہ سرد نہیں کیا جاسکتا۔ عراق میں اگرچہ ''انتخابات کے

© rasailojaraid.com